سوال

(356)قرآن کا ثواب میت کو پہنچانا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فوت شدہ بندہ کےلیے جو قرآن خوانی کی جاتی ہے اس کا ثواب میت کو پہنچتا ہے جیسا کہ آج کے دور میں ختم قرآن میت کےلیے لوگ کرتے ہیں یا یہ کہ ایک بندہ قرآن سے ایک رکوع یا ایک پارہ پڑھ کر میت کو ثواب پہنچانے کی دعا کر سکتا ہے قرآن اور حدیث کی روشنی میں وضاحت فرمائیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فوت شدگان کےلیے قرآن خوانی، اس قرآن خوانی کے ثواب کا فوت شدگان کو پہنچنا اور قرآن یا اس کا کچھ حصہ پڑھ کر میت کو ثواب پہنچانے کی دعا کرنا کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

جنازے کے مسائل ج1ص262

محدث فتویٰ